ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(521)

28.09.2023

**بہاولپور(            )وزیراعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری، گزشتہ 24 گھنٹے میں متعدد ملزمان گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد کر لی۔منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا، جس کے نتیجہ میں تھانہ صدر بہاولپور، تھانہ ڈیرہ نواب صاحب، تھانہ اوچشریف، تھانہ صدر یزمان، تھانہ سٹی حاصل پور اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور ایکشن لیتے ہوئے۔گزشتہ 24 گھنٹے میں 10 مقدمات درج رجسٹرڈ کئے۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 169 لیٹر شراب، 07 کلو 100 گرام چرس، 20 گرام کرسٹل آئس اور 720 گرام ہیروئن برآمد کر لی۔جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں 03 منشیات کے عادی افراد کو برائے علاج معالجہ ہسپتال داخل کروایا گیا۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔اس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:وزیراعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، متعدد ملزمان گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد کر لی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(522)

28.09.2023

**بہاولپور(            )ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں عادی منشیات بحالی اسکواڈ ( Drug Addict rehabilitation squad) نے اپنے کام کو عملی جامہ پہناتے ہوئے اب تک کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی۔ منشیات کی دلدل میں پھنسے 252 افراد میں سے 192 کو صحت یاب ہونے پر ان کی فیملیز کے حوالے کیا جا چکا ہے۔بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم کیا ہے،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی طرف سے منشیات کے خلاف جاری مہم میں ڈی پی او سید محمد عباس کی قیادت میں منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن جاری ہے جبکہ منشیات کی دلدل میں پھنسے ایسے تمام شہری جنہیں نا صرف گھر والے بلکہ معاشرہ بھی بوجھ کے طور پر گردانتا ہے، ایسے تمام منشیات کے عادی افراد کو ڈسٹرکٹ پولیس نے اپناتے ہوئے مختلف مقامات سے پک کیا اور مفت علاج معالجہ، رہائش کھانا وغیرہ کی سہولیات دے کر نئی زندگی کی جانب قدم بڑھانے میں مدد کرتے ہوئے معاشرے کا معزز شہری بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔منشیات کے عادی افراد کی بحالی کیلئے خصوصی اسکواڈ نے منشیات کے عادی افراد کے علاج معالجہ کا کام جاری رکھتے ہوئے اب تک 252 افراد کو ہسپتال داخل کیا جن میں سے 192 افراد کو صحت یاب ہونے کے بعد اپنے گھروں کو روانہ کیا جا چکا ہے۔ بقیہ نشے کے عادی افراد کا ہسپتال میں علاج معالجہ جاری ہے۔جن کو فری رہائش، بہترین کھانا، دھوبی، ہیئر کٹنگ کی سہولیات کے ساتھ ساتھ روزانہ کی بنیاد پر مختلف جسمانی ورزش اور ان کی اصلاح کے لئے مختلف کلاسز کا بھی عمل جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے بات کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کا مستقبل تاریک ہونے سے بچانے کی بھرپور کوشش جاری ہے، یہ ایک صدقہ جاریہ بھی ہے اور ہمارا فرض بھی۔ بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم کیا ہے۔صحت یاب ہونے والے افراد کی فیملیز نے ڈی پی او بہاولپور کی اس کاوش کو سراہا اور شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں عادی منشیات بحالی اسکواڈ نے اپنے کام کو عملی جامہ پہناتے ہوئے اب تک کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی